نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

یوایس ایڈ کی جانب سے وادی کونچ کے 53 دیہات میں نکاسی آب کی سہولیات کی فراہمی

اسلام آباد (3 اپریل 2006ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) ضلع مانسہرہ کی وادی کونچ کے 53 دیہات میں اپنی اشتراک کار تنظیم کیتھولک ریلیف سروسز کے ذریعہ لگ بھگ 30 ہزار افراد کو سر چھپانے کے ٹھکانے اور نکاسی آب کی سہولتیں بہم پہنچا رہا ہے۔ گاؤں کے لوگوں کو یوایس ایڈ کی جانب سے موسم سرما کی شدت سے بچانے کی کٹس Kits فراہم کی گئیں اور اب وہ اپنے گھروں کے ساتھ، بعض صورتوں میں پہلی مرتبہ، نکاسی آب اور غسلخانوں کی سہولیات تعمیر کر رہے ہیں۔

اس منصوبہ کے تحت ہر علاقہ میں ان سہولیات کی نشاندہی کی گئی جن کی وہاں ضرورت ہے اور مقامی بڑھیوں کو ان کی تعمیر کی تربیت دی گئی۔ اس سلسلہ میں مقامی افراد کو یوایس ایڈ کی جانب سے فراہم کردہ ساز و سامان کے استعمال اور ان عمارتی سہولیات کی اہمیت اجاگر کرنے کے لئے ایک عملی مظاہرہ بھی کیا گیا۔

'کام کے عوض اجرت' پروگرام میں شرکت کرنے والے مقامی بڑھیوں کو ہر ڈھانچہ تعمیر کرنے کے لئے 350 روپے ملتے ہیں اور ہر ڈھانچہ کی تعمیر میں تقریباً دو گھنٹے درکار ہوتے ہیں۔ کمائی گئی اس رقم سے یہ بڑھئی اپنے گھر کی ضرورت کی اشیاء خریدتے ہیں اور اس طرح مقامی معیشت میں پیسہ بھی زیر گردش رہتا ہے۔

8 اکتوبر کے زلزلہ نے علاقے میں بیشتر گھروں اور وہاں نکاسی آب کی سہولتوں کو تباہ کر دیا تھا۔ مناسب نکاسی آب کی عدم موجودگی کے باعث پانی کے موجود ذخائر اور اردگرد کے ماحول میں آلودگی کی وجہ سے مختلف بیماریوں کے پھوٹ پڑنے کا خطرہ پیدا ہو گیا تھا۔

وادی کونچ میں سطح سمندر سے سات ہزار فٹ بلندی پر واقع ایک گاؤں چلندریاں کے ایک مکین عبدالوارث کہتے ہیں کہ ہمارے ہاں تو زلزلہ سے پہلے بھی ایسی سہولتیں موجود نہیں تھیں۔ اس کا سب سے اہم فائدہ تخلیہ ہے اور یہ ہمیں صاف ستھرا رکھنے میں بھی مدد دیتی ہیں۔

یوایس ایڈ نے صفائی ستھرائی کے اس پروگرام میں اعانت کے لئے لوگوں میں حفظان صحت کے متعلق آگاہی کی ایک عوامی مہم شروع کی جس کے ذریعہ اب تک بائیس ہزار سے زیادہ لوگوں کو بیماریوں سے بچاؤ، کوڑا کرکٹ کو تلف کرنے اور حفظان صحت کے اصولوں کی تعلیم دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ، یوایس ایڈ نے عام آدمی کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنے کا عزم کر رکھا ہے جس کے تحت ان گاؤں میں پانی کے نظام بحال کئے جائیں گے۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثر علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3